

روزِ شہادت امام رؤف | امام علی ابن موسیٰ الرضا علیہ السلام
چہل احادیث امام رضا علیہ السلام
یا علی ابن موسیٰ الرضا
@ALMAHDIIDARATARBIATISLAMI-8709 @IDARATARBIATISOPAK @IDARATARBIAT TARBIAT.IDARA 0092-347-7721034

المہدی ادارہ تربیت اسلامی
آئی ایس او پاکستان

علی ابن موسیٰ الرضا علیہ السلام

ناصح اہل ایمان

چہل احادیث امام رضا علیہ السلام

# مومن کی تین نمایاں خوبیاں

لَا یَکُونُ الْمُؤْمِنُ مُؤْمِنًا حَتّٰی تَکُونَ فِیهِ ثَلَاثُ خِصَالٍ ۱) سُنَّةٌ مِنْ رَبِّهِ۔ ۲) وَ سُنَّةٌ مِنْ نَبِیِّهِ۔ ۳) وَ سُنَّةٌ مِنْ وَلِیِّهِ فَأَمَّا السُّنَّةُ مِنْ رَبِّهِ فَکِتْمَانُ سِرِّهِ وَ أَمَّا السُّنَّةُ مِنْ نَبِیِّهِ فَمُدَارَاةُ النَّاسِ وَ أَمَّا السُّنَّةُ مِنْ وَلِیِّهِ فَالصَّبْرُ فِی الْبَأْسَاءِ وَ الضَّرَّاءِ۔

مومن اس وقت تک سچا مومن نہیں ہوتا جب تک اسمیں تین خوبیاں نہ ہوں جن میں سے:
ایک خوبی خدا کی سنت ہے، دوسری اُس کے نبی کی سنت ہے اور تیسری اُس کے ولی کی سنت ہے۔ خدا کی سنت یہ ہے کہ وہ رازوں کو مخفی رکھتا ہے نبی کی سنت، لوگوں کے ساتھ محبت سے پیش آنا ہے اور ولی کی سنت ہے کہ ہر مصیبت اور مشکل میں صبر کیا جائے۔ (اصول کافی، ج ۳، ص ۳۳۹)



@ALMAHDIIDARATARBIATISLAMI-8709 @IDARATARBIATISOPAK @IDARATARBIAT TARBIAT.IDARA 0092-347-7721034

المهدی ادارہ تربیت اسلامی
آئی ایس او پاکستان

چہل احادیث امام رضا علیہ السلام

# نیکی کو مخفی رکھنے کی جزا اور برائی کو پوشیدہ رکھنے کا انعام

أَلْمُسْتَتِرُ بِالْحَسَنَةِ يَعْدِلُ سَبْعِينَ حَسَنَةً، وَ الْمُذِيعُ بِالسَّيِّئَةِ مَخْذُولٌ، وَالْمُسْتَتِرُ بِالسَّيِّئَةِ مَغْفُورٌ لَهُ۔

نیک کام چھپا کر کرنے والے کا ثواب 70 نیکیوں کے برابر ہے، اعلانیہ بدی کرنے والا شرمندہ اور تنہا ہے اور (دوسروں کے) برے کام کو چھپانے والا بخشا ہوا ہے۔

(اصول کافی، ج ۴، ص ۱۶۰)



@ALMAHDIIDARATARBIATISLAMI-8709 @IDARATARBIATISOPAK @IDARATARBIAT TARBIAT.IDARA 0092-347-7721034

چہل احادیث امام رضا علیہ السلام

المہدی ادارہ تربیت اسلامی
آئی ایس او پاکستان

علی ابن موسیٰ الرضا علیہ السلام

امام ضامن آہو

# پاک صاف رہنا

مِنْ أَخْلَاقِ الْأَنْبِيَاءِ التَّنَظُّفُ

## پاک صاف رہنا انبیاء کا شیوا ہے۔

(تحف العقول ص ۴۶۶)



@ALMAHDIIDARATARBIATISLAMI-8709 @IDARATARBIATISOPAK @IDARATARBIAT TARBIAT.IDARA 0092-347-7721034

المہدی ادارہ تربیت اسلامی
آئی ایس او پاکستان



ضامن آہو




## بڑے بھائی کا مرتبہ

أَلْأَخُ الْأَكْبَرُ بِمَنْزِلَةِ الْأَبِ

# بڑا بھائی باپ کے درجے پہ ہوتا ہے۔

(الاستبصار، جلد ۳، صفحہ ۲۴۰)



@ALMAHDIIDARATARBIATISLAMI-8709 @IDARATARBIATISOPAK @IDARATARBIAT TARBIAT.IDARA 0092-347-7721034

# انسان کا دوست اور دشمن

صَدِيقُ كُلِّ امْرِءٍ عَقْلُهُ وَ عَدُوُّهُ جَهْلُهُ

انسان کا دوست اس کی عقل ہوتی ہے اور اسکا دشمن اس کی جہالت ۔

(تحف العقول ص ۴۶۷)



@ALMAHDIIDARATARBIATISLAMI-8709 @IDARATARBIATISOPAK @IDARATARBIAT TARBIAT.IDARA 0092-347-7721034



# ایمان کیا ہے؟

الإِيمانُ هُوَ أداءُ الأَمانَةِ، وَاجتِنابُ جَميعِ الكَبائِرِ،
وهُوَ مَعرِفَةٌ بِالقَلبِ، وإقرارٌ بِاللِّسانِ، وعَمَلٌ بِالأَركانِ

ایمان واجبات وفرائض پر عمل اور افعال حرام سے دوری ہے۔
ایمان دلی عقیدہ زبانی اقرار اور اعضاء وجوارح کے ساتھ عمل و کردار ہے۔

(عیون أخبار الرضا علیہ السلام: ج ۲ ص ۱۲۵ ح ۱)



@ALMAHDIIDARATARBIATISLAMI-8709 @IDARATARBIATISOPAK @IDARATARBIAT TARBIAT.IDARA 0092-347-7721034

# عقلمند کی دس خصوصیات

کسی مسلمان کی عقل اس وقت تک کامل نہیں ہوسکتی جب تک اس میں دس خوبیاں نہ پائی جائیں:
(۱) اس سے خیر کی امید ہو، (۲) اس کی برائی سے امان (۳) دوسرے کی تھوڑی سی نیکی کو بہت سمجھے (۴) اپنی بہت سی نیکیوں کو کم سمجھے (۵) اس سے جتنی بھی زیادہ حاجت طلب کی جائے پریشان نہ ہو (۶) پوری عمر علم حاصل کرنے سے تھکن کا احساس نہ کرے (۷) اس کو خدا کی راہ میں غریبی دولتمند ہونے سے زیادہ عزیز ہو (۸) خدا کی راہ میں اگر ذلت کا سامنا ہو تو وہ اسے دشمن کی راہ میں حاصل ہونے والی عزت سے زیادہ عزیز ہو (۹) اس کی نظر میں گمنامی کو شہرت پر ترجیح حاصل ہو (۱۰) اس کے بعد آپ نے فرمایا: دسویں چیز کیا اور کیا ہے دسویں چیز؟ آپ سے سوال کیا گیا کہ دسویں چیز کیا ہے؟ آپ نے فرمایا: جس کسی کو دیکھے تو کہے کہ وہ مجھ سے بہتر ہے۔ (تحف العقول، صفحہ ۴۴۳)



@ALMAHDIIDARATARBIATISLAMI-8709 @IDARATARBIATISOPAK @IDARATARBIAT TARBIAT.IDARA 0092-347-7721034

المہدی ادارہ تربیت اسلامی
آئی ایس او پاکستان

آپ کا ضامن

چہل احادیث امام رضا علیہ السلام

علی ابن موسیٰ الرضا علیہ السلام

# بے وقوفی کی نشانیاں

سُئِلَ الرِّضا (علیه السلام) عَنِ السِّفْلَةِ فَقالَ (علیه السلام) مَنْ كانَ لَهُ شَیْءٌ یُلْهیهِ عَنِ اللّٰهِ

امام رضا علیہ السلام سے بے وقوفی کے بارے میں سوال کیا گیا:
کہ بے وقوفی کیا ہے؟ آپ نے فرمایا: جس کے پاس کوئی ایسی چیز ہو
جو اُسے خدا کی یاد سے غافل کر دے۔

(مستدرک الوسائل/ ج ۱۳/ ص ۲۶۹)



@ALMAHDIIDARATARBIATISLAMI-8709 @IDARATARBIATISOPAK @IDARATARBIAT TARBIAT.IDARA 0092-347-7721034

آپ کا صحن، آپ ہی کا

چہل امام رضا علیہ السلام احادیث

علی بن موسیٰ الرضا علیہ السلام

المہدی ادارہ تربیت اسلامی
آئی ایس او پاکستان

## نفس کا محاسبہ کرنا

مَن حَاسَبَ نَفسَهُ رَبِحَ وَ مَن غَفَلَ عَنهَا خَسِرَ

جس نے اپنے نفس کا محاسبہ کیا وہ فائدے میں رہا اور جس نے اپنے نفس سے غفلت برتی وہ خسارے میں رہا۔

(بحارالانوار ج ۷۸ ص ۳۵۵)



@ALMAHDIIDARATARBIATISLAMI-8709 @IDARATARBIATISOPAK @IDARATARBIAT TARBIAT.IDARA 0092-347-7721034

# تین چیزوں کا تعلق تین چیزوں سے ہے

خداوند متعال نے تین چیزوں کو تین چیزوں سے مربوط کر دیا ہے (اور ایک، دوسری کے بغیر نا قابل قبول ہے): نماز کو زکوٰۃ کے ساتھ ذکر فرمایا ہے، پس جو نماز ادا کرے اور زکوٰۃ نہ دے اس کی نماز قبول نہ ہوگی، نیز اس نے اپنے شکر کو والدین کے شکر کے ساتھ ذکر کیا ہے پس جو خدا کا شکر کرے اور والدین کا قدردان نہ ہو اس نے خدا کا شکر ادا نہیں کیا ہے اور خدا نے تقوائے الٰہی اور اعزاء و اقارب کے ساتھ پیوند استوار رکھنے کا حکم دیا ہے پس جو اپنوں کے ساتھ نیکی و احسان نہ کرے وہ متقی اور پرہیزگار شمار نہ ہوگا۔ (عیون اخبار الرضا، ج۱، ص ۲۵۸)



@ALMAHDIIDARATARBIATISLAMI-8709 @IDARATARBIATISOPAK @IDARATARBIAT TARBIAT.IDARA 0092-347-7721034





## صلۂ رحم چاہے تھوڑی سی چیز سے ہی کیوں نہ ہو

صِلْ رَحِمَكَ وَلَوْ بِشَرْبَةٍ مِنْ ماء، وَأَفْضَلُ ما تُوصَلُ بِهِ الرَّحِمُ كَفُّ الأَذى عَنْه

رشتہ داروں سے رابطہ رکھو چاہے ایک گھونٹ پانی کے ذریعہ ہی کیوں نہ ہو اور سب سے بہترین صلۂ رحم اپنے عزیز کی مشکل کو دور کرنا ہے۔

(تحف العقول ص ۴۶۹)



@ALMAHDIIDARATARBIATISLAMI-8709 @IDARATARBIATISOPAK @IDARATARBIAT TARBIAT.IDARA 0092-347-7721034

چہل احادیث امام رضا علیہ السلام

ضامن آہو




# انبیاءؑ کا اسلحہ

عَنِ الرِّضا(علیه السلام) أَنَّهُ کانَ یَقُولُ لأصحابِهِ عَلَیْکُمْ بِسلاحِ الأنْبیاءِ، فَقیلَ وَ ما سِلاحُ الأنْبیاءِ قالَ أَلدُّعاءُ

حضرت امام رضا علیہ السلام ہمیشہ اپنے اصحاب سے فرماتے تھے کہ:

**تمہاری ذمہ داری ہے کہ انبیاءؑ کا اسلحہ استعمال کرو سوال کیا گیا: کہ انبیا کا اسلحہ کیا ہے؟ آپؑ نے فرمایا دعا۔**

(اصول کافی، ج ۴، ص ۲۱۴)



@ALMAHDIIDARATARBIATISLAMI-8709 @IDARATARBIATISOPAK @IDARATARBIAT TARBIAT.IDARA 0092-347-7721034




# فقہ کی نشانیاں

إِنَّ مِنْ عَلاماتِ الْفِقْهِ أَلْحِلْمُ وَ الْعِلْمُ، وَ الصَّمْتُ بابٌ مِنْ أَبْوابِ الْحِكْمَةِ إِنَّ الصَّمْتَ يَكْسِبُ الْمَحَبَّةَ، إِنَّهُ دَلِيلٌ عَلى كُلِّ خَيْر

دین کو سمجھنے کی نشانی حلم و علم ہے، خاموشی حکمت کا دروازہ ہے، خاموشی اور سکوت سے محبت پیدا ہوتی ہے اور یہ ہر کار خیر کی دلیل ہے۔

(تحف العقول، جلد ۱، صفحہ ۴۴۵)



@ALMAHDIIDARATARBIATISLAMI-8709 @IDARATARBIATISOPAK @IDARATARBIAT TARBIAT.IDARA 0092-347-7721034

المہدی ادارہ تربیت اسلامی
آئی ایس او پاکستان

آپ کا حضور

چہل امام رضا علیہ السلام احادیث




# گوشہ نشینی اور خاموشی

يَأْتِي عَلَى النّاسِ زَمانٌ تَكُونُ الْعافِيَةُ فيهِ عَشَرَةَ أَجْزاء تِسْعَةٌ مِنْها في إِعْتِزالِ النّاسِ وَ واحِدٌ فِي الصَّمْتِ

لوگوں پر ایک ایسا زمانہ آئے گا جس میں عافیت کے دس اجزا ہوں گے،
ان میں سے نو حصہ لوگوں سے کنارہ کشی میں ہوں گے اور ایک حصہ خاموشی میں۔

(تحف العقول، ص ۴۷۰)



@ALMAHDIIDARATARBIATISLAMI-8709 @IDARATARBIATISOPAK @IDARATARBIAT TARBIAT.IDARA 0092-347-7721034

چہل امام رضا علیہ السلام احادیث

ہا ضامن آہو

علی ابن موسی الرضا علیہ السلام

## توکّل کی حقیقت

سُئِلَ الرِّضا (علیہ السلام) عَنْ حَدِّ التَّوَكُّلِ فَقالَ (علیہ السلام) أَنْ لا تَخافَ أَحَدًا إِلاَّ اللّٰہَ

امام رضا علیہ السلام سے توکّل کی حقیقت کے بارے میں سوال کیا گیا، امام نے فرمایا: ”خدا کے علاوہ کسی سے نہ ڈرو۔“

(تحف العقول، ص ۴۶۹)



@ALMAHDIIDARATARBIATISLAMI-8709 @IDARATARBIATISOPAK @IDARATARBIAT TARBIAT.IDARA 0092-347-7721034

ماہ ضیافت الہی

علی ابن موسیٰ الرضا علیہ السلام

چہل امام رضا علیہ السلام احادیث

## سب سے بُرا آدمی

إِنَّ شَرَّ النّاسِ مَنْ مَنَعَ رِفْدَهُ وَ أَكَلَ وَحْدَهُ وَ جَلَدَ عَبْدَهُ

سب سے بُرا آدمی وہ ہے جو دوسروں کی مدد کرنے سے منع کرے، تنہا کھانا کھائے اور اپنے ماتحت کو مارے۔

(تحف العقول ج ۲، ص ۴۴۸)



@ALMAHDIIDARATARBIATISLAMI-8709 @IDARATARBIATISOPAK @IDARATARBIAT TARBIAT.IDARA 0092-347-7721034

المہدی ادارہ تربیت اسلامی
آئی ایس او پاکستان

آپ اہل ایمان

علی ابن موسی الرضا علیہ السلام

چہل امام رضا علیہ السلام احادیث

# چار افراد چار چیزوں سے محروم

لَیْسَ لِبَخیل راحةٌ، وَ لا لِحَسُود لَذَّةٌ، وَ لا لِمُلُوك وَفاءٌ وَ لا لِکَذُوب مُرُوَّةٌ

کنجوس کے لیے راحت نہیں ہے، حاسد کے لیے لذت نہیں ہے، بادشاہ کے لیے وفا نہیں ہے اور جھوٹے کے لیے مروت نہیں ہے۔

(تحف العقول، ص ۴۷۳)



@ALMAHDIIDARATARBIATISLAMI-8709 @IDARATARBIATISOPAK @IDARATARBIAT TARBIAT.IDARA 0092-347-7721034

چہل امام رضا علیہ السلام احادیث

السلام علیک یا علی بن موسیٰ الرضا

ناضِ آہون

# حُسنِ ظَن بہ خدا

أَحْسِنِ الظَّنَّ بِاللّٰهِ، فَإِنَّ مَنْ حَسُنَ ظَنُّهُ بِاللّٰهِ كانَ عِنْدَ ظَنِّهِ وَ مَنْ رَضِيَ بِالْقَلِيلِ مِنَ الرِّزْقِ قُبِلَ مِنْهُ الْيَسِيرُ مِنَ الْعَمَلِ وَ مَنْ رَضِيَ بِالْيَسِيرِ مِنَ الْحَلالِ خَفَّتْ مَؤُونَتُهُ وَ نُعِّمَ أَهْلُهُ وَ بَصَّرَهُ اللّٰهُ دارَ الدُّنْيا وَ دَواءَها وَ أَخْرَجَهُ مِنْها سالِمًا إِلى دارِ السَّلامِ۔

خدا پر حسن ظن (اچھا گمان) رکھو کیونکہ جو خدا پر حسن ظن رکھے خدا اس کے حسن ظن کے ساتھ ہے۔ اور جو بھی تھوڑے سے رزق پر راضی وخوشنود (اور قانع) ہو خدا اس کا مختصر سا عمل قبول فرماتا ہے، اور جو تھوڑے سے حلال رزق پر خوشنود ہو اس کے اخراجات کم ہونگے اور اس کا خاندان نعمتوں میں پلے گا اور خداوند متعال اس دنیا کے دکھوں اور دواؤں سے بصیرت عطا کرتا ہے اور اس دنیا سے سلامتی کے ساتھ جنت کے دارالسلام میں منتقل کرتا ہے۔ (تحف العقول، ص ۴۷۲)



المہدی ادارہ تربیت اسلامی آئی ایس او پاکستان
@ALMAHDIIDARATARBIATISLAMI-8709 @IDARATARBIATISOPAK @IDARATARBIAT TARBIAT.IDARA 0092-347-7721034

المہدی ادارہ تربیت اسلامی
آئی ایس او پاکستان

ضامن آہو




چہل احادیث امام رضا علیہ السلام

# ارکانِ ایمان

أَلْاِیمانُ أَرْبَعَةُ أَرْکانٍ أَلتَّوَکُّلُ عَلَی اللّٰہِ، وَ الرِّضا بِقَضاءِ اللّٰہِ وَ التَّسْلیمُ لاَمْرِاللّٰہِ، وَ التَّفْویضُ إِلَی اللّٰہِ۔

ایمان کے چار رُکن ہوتے ہیں:

۱ خدا پر توکل
۲ قضاءِ الٰہی پر راضی رہنا
۳ خدا کی بارگاہ میں تسلیم رہنا
۴ اپنے کاموں کو خدا پر چھوڑ دینا۔

(تحف العقول، ص ۴۶۹)



@ALMAHDIIDARATARBIATISLAMI-8709 @IDARATARBIATISOPAK @IDARATARBIAT TARBIAT.IDARA 0092-347-7721034




# بہترین بندگانِ خدا

سُئِلَ عَلَيْهِ السَّلامُ عَنْ خِيارِ الْعِبادِ فَقالَ(عليه السلام)أَلَّذينَ إِذا أَحْسَنُوا إِسْتَبْشَرُوا، وَ إِذا أَساؤُوا إِسْتَغْفَرُوا وَإِذا أُعْطُوا شَكَرُوا، وَإِذا أُبْتِلُوا صَبَرُوا، وَإِذا غَضِبُوا عَفَوْ

امام رضا علیہ السلام سے سب سے اچھے بندوں کے بارے میں سوال کیا گیا تو آپ نے فرمایا: وہ جب نیکی کرتے ہیں تو خوش ہوتے ہیں، جب برائی کرتے ہیں مغفرت طلب کرتے ہیں جب انہیں کچھ عطا ہوتا ہے تو شکر کرتے ہیں جب ان کا امتحان لیا جاتا ہے تو صبر کرتے ہیں جب انہیں غصہ آتا ہے تو معاف کر دیتے ہیں۔ (تحف العقول، ص ۴۶۹)



@ALMAHDIIDARATARBIATISLAMI-8709 @IDARATARBIATISOPAK @IDARATARBIAT TARBIAT.IDARA 0092-347-7721034

المہدی ادارہ تربیت اسلامی
آئی ایس او پاکستان

ضامن آہو

چہل احادیث امام رضا علیہ السلام



## فقیر کو حقیر سمجھنا

مَنْ لَقِيَ فَقيرًا مُسْلِمًا فَسَلَّمَ عَلَيْهِ خِلافَ سَلامِهِ عَلَى الاَغْنِياءِ لَقِيَ اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ يَوْمَ الْقِيمَةِ وَ هُوَ عَلَيْهِ غضبان

جو کسی مسلمان فقیر کو دیکھے اور اُسے
مالداروں کے برخلاف طریقہ سے سلام کرے وہ قیامت کے دن
خدا سے اس عالم میں ملاقات کرے گا کہ خدا اس پر غضبناک ہوگا۔

(الآمالی للصدوق: ص۵۲۷، ح۷۱۴)



@ALMAHDIIDARATARBIATISLAMI-8709 @IDARATARBIATISOPAK @IDARATARBIAT TARBIAT.IDARA 0092-347-7721034

چہل احادیث امام رضا علیہ السلام




# دنیا کی خوشحال زندگی

سُئِلَ الاِمامُ الرِّضا (علیه السلام) عَنْ عَیْشِ الدُّنیا؟ فَقالَ سِعَةُ الْمَنْزِلِ وَ کَثْرَةُ الْمحِبّینَ

حضرت امام رضا علیہ السلام سے

دنیا کی خوشحال زندگی کے بارے میں سوال کیا گیا تو آپ نے فرمایا:

”وسیع مکان اور چاہنے والوں کی کثرت۔“

(بحارالانوار، ج ۷۶، ص ۱۵۳)



@ALMAHDIIDARATARBIATISLAMI-8709 @IDARATARBIATISOPAK @IDARATARBIAT TARBIAT.IDARA 0092-347-7721034

المہدی ادارہ تربیت اسلامی
آئی ایس او پاکستان



ضامن آہو

چہل احادیث امام رضا علیہ السلام

## ظالم حکام اور زکات ادا نہ کرنے کے بُرے اثرات

إذا كَذَبَ الْوُلاةُ حُبِسَ الْمَطَرُ، وَإِذا جارَ السُّلْطانُ هانَتِ الدَّوْلَةُ، وَإِذا حُبِسَتِ الزَّكوةُ ماتَتِ الْمَواشي

جب حاکم جھوٹ بولنے لگیں تو بارش روک دی جاتی ہے
جب حاکم ظلم کرنے لگیں تو حکومت ذلیل ہو جاتی ہے اور
جب زکات ادا نہ کی جائے تو مویشی مرنے لگتے ہیں۔

(الأمالی للمفید: ج ۲، ص ۳۱۰)



@ALMAHDIIDARATARBIATISLAMI-8709 @IDARATARBIATISOPAK @IDARATARBIAT TARBIAT.IDARA 0092-347-7721034



چہل احادیث امام رضا علیہ السلام

## مؤمن کو رنج و غم سے بچانا

مَنْ فَرَّجَ عَنْ مُؤْمِنٍ فَرَّجَ اللّٰہُ عَنْ قَلْبِہِ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ

جو شخص کسی مومن کے لیے آسانیاں فراہم کرنے کی کوشش کرتا ہے خداوند عالم قیامت میں اس کے لیے آسانی فراہم کرے گا۔

(الکافی: ج ۲، ص ۲۰۰، ح ۴)



@ALMAHDIIDARATARBIATISLAMI-8709 @IDARATARBIATISOPAK @IDARATARBIAT TARBIAT.IDARA 0092-347-7721034



ضامن آہو

چہل امام رضا علیہ السلام احادیث

## واجبات کے بعد سب سے بہترین عمل

لَيْسَ شَيْءٌ مِنَ الْأَعْمَالِ عِنْدَ اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ بَعْدَ الْفَرَائِضِ أَفْضَلَ مِنْ إِدْخَالِ السُّرُورِ عَلَى الْمُؤْمِنِ

واجبات کی انجام دہی کے بعد
خداوند عالم کے نزدیک سب سے بہترین عمل مومن کے لیے
خوشیوں کا سامان فراہم کرنے کے علاوہ اور کچھ نہیں ہے۔

(بحار الانوار، ج ۷۸، ص ۳۴۷)



@ALMAHDIIDARATARBIATISLAMI-8709 @IDARATARBIATISOPAK @IDARATARBIAT TARBIAT.IDARA 0092-347-7721034

المہدی ادارہ تربیت اسلامی
آئی ایس او پاکستان

علی ابن موسیٰ الرضا علیہ السلام

چہل امام رضا علیہ السلام احادیث

ماہ ضامن آہو

# تحفہ دینا

اَلْهَدِیَّةُ تُذْهِبُ الضَّغَائِنَ مِنَ الصُّدُورِ

## تحفہ دینا، دلوں کو کینے سے دور کرتا ہے۔

(عیون اخبار الرضاج ۲ص ۷۴)



@ALMAHDIIDARATARBIATISLAMI-8709 @IDARATARBIATISOPAK @IDARATARBIAT TARBIAT.IDARA 0092-347-7721034






# اعتدال اور حُسنِ سلوک

عَلَيْكُمْ بِالْقَصْدِ فِي الْغِنى وَ الْفَقْرِ، وَ الْبِرِّ مِنَ الْقَلِيلِ وَ الْكَثِيرِ فَإِنَّ اللّٰهَ تَبارَكَ وَ تَعالى يَعْظُمُ شِقَّةَ التَّمْرَةِ حَتّى يَأْتِيَ يَوْمَ الْقِيمَةِ كَجَبَلِ أُحُد

تمہارے اوپر لازم ہے کہ امیری اور غریبی دونوں میں اعتدال پر گامزن رہو، نیکی کرتے رہو چاہے کم ہو یا زیادہ خداوند عالم آدھی کھجور کو بھی قیامت میں اتنا بڑا کر دے گا جتنا بڑا احد کا پہاڑ ہے۔

(بحارالانوار: ج ۷۸ ص ۳۴۶ ح ۴)



@ALMAHDIIDARATARBIATISLAMI-8709 @IDARATARBIATISOPAK @IDARATARBIAT TARBIAT.IDARA 0092-347-7721034

المہدی ادارہ تربیت اسلامی
آئی ایس او پاکستان

ہا ضامن آہو

علی ابن موسیٰ الرضا علیہ السلام

چہل امام رضا علیہ السلام احادیث

## ایک دوسرے سے ملاقات اور آپس میں اظہارِ محبت

تَزاوَرُوا وَ تَحابُّوا وَ تَصافَحُوا وَ لاتَحاشَمُوا

ایک دوسرے کو دیکھنے جاؤ
آپس میں محبت رکھو، مصافحہ کرو اور غصہ نہ کرو۔

(بحارالانوار، ج ۷۸، ص ۳۴۷)



@ALMAHDIIDARATARBIATISLAMI-8709 @IDARATARBIATISOPAK @IDARATARBIAT TARBIAT.IDARA 0092-347-7721034

المہدی ادارہ تربیت اسلامی
آئی ایس او پاکستان

چہل امام رضا علیہ السلام احادیث

علی ابن موسی الرضا علیہ السلام

ضامن آہو

# خلوص اختیار کرنا

مَا اَخلَصَ عَبدٌ لِلّٰہِ عَزَّوَجَلَّ اَربَعِینَ صَبَاحًا اِلاَّ جَرَت یَنَابِیعُ الحِکمَۃِ مِن قَلبِہٖ عَلٰی لِسَانِہٖ

کسی بندے نے چالیس دن خداوند متعال کی رضایت کی خاطر خلوص اختیار نہیں کیا مگر یہ کہ حکمت کے چشمے اس کے دل سے نکل کر زبان پر جاری ہونے لگے۔

(عیون اخبار الرضا ج ۲ ص ۶۹)



@ALMAHDIIDARATARBIATISLAMI-8709 @IDARATARBIATISOPAK @IDARATARBIAT TARBIAT.IDARA 0092-347-7721034




# عہد شکنی اور بہانہ بازی

لا يَعْدُمُ الْمَرْءُ دائِرَةَ السَّوْءِ مَعَ نَكْثِ الصَّفْقَةِ، وَ لا يَعْدُمُ تَعْجِيلُ الْعُقُوبَةِ مَعَ إِدِّراءِ الْبَغْي

**انسان عہد شکنی کے ذریعہ برائیوں کے منجدھار سے نہیں نکل سکتا اور جو بہانہ بازی سے ظلم کرتا ہے وہ عذاب کی عجلت سے نہیں بچ سکتا۔**

(الدرۃ الباہرۃ من الأصداف الطاہرۃ، جلد ۱، صفحہ ۳۶)




@ALMAHDIIDARATARBIATISLAMI-8709 @IDARATARBIATISOPAK @IDARATARBIAT TARBIAT.IDARA 0092-347-7721034

المہدی ادارہ تربیت اسلامی
آئی ایس او پاکستان

یا ضامن آہو



چہل احادیث امام رضا علیہ السلام

## چار گروہوں کے ساتھ مناسب رویہ

إِصْحَبِ السُّلْطانَ بِالْحَذَرِ، وَ الصَّدیقَ بِالتَّواضُعِ، وَ الْعَدُوَّ بِالتَّحَرُّزِ وَ الْعامَّةَ بِالْبُشْرِ

حاکم کی ہمراہی خوف اور احتیاط کے ساتھ کرو دوست سے تواضع سے پیش آؤ، دشمن سے بچے رہو اور عام لوگوں سے خوشحال چہرہ کے ساتھ ملو۔

(بحار الأنوار: ج ۷۸ ص ۳۵۶ ح ۱۱)



@ALMAHDIIDARATARBIATISLAMI-8709 @IDARATARBIATISOPAK @IDARATARBIAT TARBIAT.IDARA 0092-347-7721034




## کم رزق پر راضی رہنا

مَنْ رَضِيَ عَنِ اللّٰهِ تَعالى بِالْقَليلِ مِنَ الرِّزْقِ رَضِيَ اللّٰهُ مِنْهُ بِالْقَليلِ مِنَ الْعَمَل

**جو خدا کے تھوڑے سے رزق پر راضی ہو جاتا ہے خدا اس کے تھوڑے سے عمل پر راضی ہو جاتا ہے۔**

(بحار الأنوار، جلد ۷۵، صفحہ ۳۵۶)



@ALMAHDIIDARATARBIATISLAMI-8709 @IDARATARBIATISOPAK @IDARATARBIAT TARBIAT.IDARA 0092-347-7721034

چہل امام رضا علیہ السلام احادیث

ناصح آہون

السلام علیک یا علی بن موسیٰ الرضا

## عقل و ادب

أَلْعَقْلُ حِباءٌ مِنَ اللّٰهِ، وَ الاَدَبُ كُلْفَةٌ فَمَنْ تَكَلَّفَ الأَدَبَ قَدَرَ عَلَيْهِ، وَ مَنْ تَكَلَّفَ الْعَقْلَ لَمْ يَزْدِدْ بِذٰلِكَ إلاّ جَهْلًا

عقل اللہ کا عطیہ ہے اور ادب زحمت سے حاصل ہوتا ہے اور جو ادب حاصل کرنے کے لیے زحمت برداشت کرے وہ اسے پالیتا ہے لیکن جو عقل حاصل کرنے کے لیے زحمت برداشت کرے اسے صرف جہالت ہی حاصل ہوتی ہے۔

(میزان الحکمہ جلد ہفتم صفحہ ۵۱۸)



@ALMAHDIIDARATARBIATISLAMI-8709 @IDARATARBIATISOPAK @IDARATARBIAT TARBIAT.IDARA 0092-347-7721034

## محنت کرنے کی جزا

إِنَّ الَّذِی یَطْلُبُ مِنْ فَضْلٍ یَکُفُّ بِهِ عِیالَهُ أَعْظَمُ أَجْرًا مِنَ الْمُجاهِدِ فِی سَبِیلِ اللّٰهِ

جو شخص اپنے اہل و عیال کو آرام پہنچانے کے لیے (رزق کے حصول میں) زحمت اٹھائے اس کی جزا خدا کی راہ میں جہاد کرنے والے مجاہد کے برابر ہے۔

(بحار الانوار، ج ۷۸، ص ۳۳۹)



@ALMAHDIIDARATARBIATISLAMI-8709 @IDARATARBIATISOPAK @IDARATARBIAT TARBIAT.IDARA 0092-347-7721034

المہدی ادارہ تربیت اسلامی
آئی ایس او پاکستان




ضامن آہو

چہل احادیث امام رضا علیہ السلام

# پانچ لوگوں سے امید نہ لگاؤ

خمسٌ مَنْ لَمْ تَكُنْ فيهِ فَلاتَرْجُوهُ لِشَیْءٍ مِنَ الدُّنْيا وَ الْآخِرَةِ مَنْ لَمْ تَعْرِفِ الْوَثاقَةَ فی أُرُومَتِهِ، وَ الْكَرَمَ فی طِباعِهِ، وَ الرَّصانَةَ فی خَلْقِهِ، وَ النُّبْلَ فی نَفْسِهِ، وَ الْمَخافَةَ لِرَبِّهِ۔

پانچ لوگوں سے دنیا و آخرت کی کوئی امید نہ لگاؤ۔

۱) جس پر بھروسہ نہ کیا جا سکے۔

۲) جس کی طبیعت میں کرم نہ ہو

۳) جس کی خلقت میں استواری نہ ہو

۴ جس کے نفس میں شرافت نہ ہو

۵) جس کے دل میں اپنے پروردگار کا خوف نہ ہو۔

(تحف العقول: ص ۴۴۶)



@ALMAHDIIDARATARBIATISLAMI-8709 @IDARATARBIATISOPAK @IDARATARBIAT TARBIAT.IDARA 0092-347-7721034

المہدی ادارہ تربیت اسلامی
آئی ایس او پاکستان

ضامن آہو

علی ابن موسیٰ الرضا علیہ السلام

چہل احادیث امام رضا علیہ السلام

# کامیابی اور عفو و بخشش

مَا الْتَقَتْ فِئَتَانِ قَطُّ إِلَّا نُصِرَ أَعْظَمُهُمَا عَفْواً

دو گروہ آپس میں نہیں ٹکراتے مگر یہ کہ ان میں سے کامیابی اسے ملتی ہے جو عفو و درگذر سے زیادہ کام لیتا ہے۔

(الکافی: ج ۲ ص ۱۰۸ ح ۸)



@ALMAHDIIDARATARBIATISLAMI-8709 @IDARATARBIATISOPAK @IDARATARBIAT TARBIAT.IDARA 0092-347-7721034

آئی ایس او پاکستان

المہدی ادارہ تربیت اسلامی

ہائے آہوئے من

علی ابن موسیٰ الرضا علیہ السلام

چہل امام رضا علیہ السلام احادیث

# عمل صالح اور آلِ محمد علیہم السلام سے محبت

لاتَدَعُوا الْعَمَلَ الصّالِحَ وَ الاِجْتِهادَ فِی الْعِبادَةِ إِتِّکالاً عَلی حُبِّ آلِ مُحَمَّد (علیہم السلام) وَ لاتَدَعُوا حُبَّ آلِ مُحَمَّد (علیہم السلام) لاَمْرِهِمْ إِتِّکالاً عَلَی الْعِبادَةِ فَإِنَّهُ لایُقْبَلُ أَحَدُهُما دُونَ الاْخَرِ۔

آل محمد (علیہم السلام) کی محبت پر بھروسہ کر کے نیک اعمال اور عبادتوں میں کوشش کو ترک نہ کرو اور نہ اپنے اعمال پر بھروسہ کر کے آل محمد (علیہم السلام) سے محبت کو ترک کرو اس لیے کہ ان میں سے کوئی ایک دوسرے کے بغیر قبول نہیں کی جائے گی۔

(بحار الانوار، ج ۷۸، ص ۳۴۷)



@ALMAHDIIDARATARBIATISLAMI-8709 @IDARATARBIATISOPAK @IDARATARBIAT TARBIAT.IDARA 0092-347-7721034

المہدی ادارہ تربیت اسلامی
آئی ایس او پاکستان

ہاضِن آہُوں

علی ابن موسی الرضا علیہ السلام

چہل امام رضا علیہ السلام احادیث

## دوسرے مسلمانوں کے بارے میں فکر کرنا

مَن اَصبَحَ لاَیَہتَمُّ بِاَمرِ المُسلِمِینَ فَلَیسَ مِنہُم

جو شخص اس حال میں صبح کرے کہ
وہ مسلمانوں کے بارے میں فکرمند نہ ہو تو وہ مسلمان نہیں ہے۔

(فقہ الرضا ص ۳۶۹)



@ALMAHDIIDARATARBIATISLAMI-8709 @IDARATARBIATISOPAK @IDARATARBIAT TARBIAT.IDARA 0092-347-7721034

المہدی ادارہ تربیت اسلامی
آئی ایس او پاکستان

چہل احادیث امام رضا علیہ السلام

ناضامن آہو

علی ابن موسیٰ الرضا علیہ السلام

# تین خصلتوں سے حقیقت ایمان تک پہنچ سکتے ہو

لَايَستَكمِلُ عَبدٌ حَقيقَةَ الإيمانِ حَتّى تَكونَ فيهِ خِصالٌ ثَلاثٌ التَّفَقُّهُ فِي الدّينِ ، وحُسنُ التَّقديرِ فِي المَعيشَةِ ، وَالصَّبرُ عَلَى الرَّزايا۔

کوئی بھی بندہ کمالِ ایمان کی حقیقت تک نہیں پہنچ سکتا جب تک وہ تین خصلتوں کا مالک نہ ہو:

| دین میں سمجھ بوجھ | معیشت میں تدبیر اور اندازہ رکھنا | مصائب اور بلاؤں پر صبر |
| --- | --- | --- |

(تحف العقول، ص ۴۷۱)



@ALMAHDIIDARATARBIATISLAMI-8709 @IDARATARBIATISOPAK @IDARATARBIAT TARBIAT.IDARA 0092-347-7721034

المہدی ادارہ تربیت اسلامی
آئی ایس او پاکستان

علی ابن موسی الرضا علیہ السلام

چہل امام رضا علیہ السلام احادیث

# اللہ رحم کرے اس پر جو ہمارے امر کو زندہ رکھے

سَمِعتُ أبَا الحَسَنِ الرِّضا علیه السلام یَقولُ رَحِمَ اللّهُ عَبدا أحیا أمرَنا فَقُلتُ لَهُ و كَیفَ یُحیِی أمرَكُم قالَ یَتَعَلَّمُ عُلومَنا و یُعَلِّمُهَا النّاسَ ، فَإِنَّ النّاس لَو عَلِموا مَحاسِنَ كَلامِنا لَاتَّبَعونا۔

عبد السلام الہروی کہتے ہیں: میں نے امام رضا (ع) کو فرماتے ہوئے سنا: خدا رحم کرے اس بندے پر جو ہمارے امر (اور ہمارے مشن) کو زندہ رکھے۔ میں نے عرض کیا: وہ ایسا کیونکر کرسکتا ہے؟ فرمایا: ہمارے علوم کو سیکھ لے اور لوگوں کو سکھائے کیونکہ اگر لوگ ہمارے کلام کی خوبصورتیوں کو جان لیں تو ہماری پیروی کریں گے۔ (وسائل الشیعۃ، ج۱۸، ص۱۰۲)



@ALMAHDIIDARATARBIATISLAMI-8709 @IDARATARBIATISOPAK @IDARATARBIAT TARBIAT.IDARA 0092-347-7721034